43289 - عورت کا اپنی اولاد کے سامنے ستر

سوال

میرا گیارہ ماہ کا بچہ ہے بعض اوقات میں اس کے سامنے لباس تبدیل کرتی ہوں، تو کیا میرے لیے ایسا کرنا جائز ہے ؟
اور کتنی عمر کے بچے کے سامنے میں اپنا لباس نہیں اتار سکتی، اور اسی طرح گھر میں اپنے خاوند کے سامنے مختصر لباس پہنتی ہوں اس کے متعلق بھی وضاحت کریں ؟
اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

پسندیدہ جواب

اگر بچہ ستر اور شرمگاہ کی سمجھ رکھتا ہو، تو پھر عورت کے لیے اس کے سامنے اپنا ستر ننگا کرنا جائز نہیں، لیکن اگر وہ چھوٹا ہونے کی بنا پر کچھ نہیں سمجھتا تو یہ جائز ہے.

مجھے تو یہی لگتا ہے کہ گیارہ ماہ کا بچہ کچھ نہیں جانتا، لیکن جب بچہ چار یا پانچ برس کا ہو جائے تو وہ ان اشیاء کو سمجھتا ہے، اس لیے اہم چیز تو یہ ہے کہ اگر بچہ ان اشیاء کی سمجھ رکھتا ہو، اور اس کے ذہن میں ان جیسے اعمال کی سمجھ ہو تو عورت کے لیے اس کے سامنے اپنا ستر کھولنا جائز ہے.